ہرا بھرا پنجاب

وزیر زراعت پنجاب عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان کی ٹائم لائن کا جائزہ اور پروگرام کو حتمی شکل دی گئی

06 مئی ، لاہور

- وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا 400 ارب روپے سے زائد کا زرعی پیکج کاشتکاروں کے لئے ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔

وزیر زراعت پنجاب

- پروگرام پر عملدرآمد سے پنجاب میں زرعی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔ عاشق حسین کرمانی
- کاشتکاروں کو 300 ارب روپے کے بلاسود قرضوں کی فراہمی کیلئے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ وزیر زراعت
- بلاسود قرضوں کی سکیم محکمہ زراعت پنجاب اور بینک آف پنجاب کے باہمی اشتراک سے جاری ہے۔ وزیر زراعت
- اس فلیگ شپ پروگرام کے تحت 5 لاکھ کاشتکاروں کو بلاسود قرضوں کی سہولت فراہم کی جائے گی۔
- صوبہ بھر میں 7 ہزار ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے گا۔ عاشق حسین کرمانی
- کاشتکاروں کو 5 ہزار سپر سیڈر اور 2 ہزار رائس شریڈر 60 فیصد سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔ وزیر زراعت
- صوبہ پنجاب میں 80 ارب روپے کی لاگت سے 7300 کھالہ جات کی اصلاح و پختگی، کی جائے گی۔ عاشق حسین کرمانی
- کاشتکاروں کو بہتر توسیعی سروسز کی فراہمی کیلئے 500 زرعی گریجوایٹس کنٹریکٹ پر بھرتی کئے جائیں گے۔ وزیر زراعت
- ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام کے تحت ادارہ جاتی اصلاحات متعارف کرائی جا رہی ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو
- کپاس، گندم اور چاول کی کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ کیلئے جدید ترین ریسرچ سینٹرز قائم کئے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت
- معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کی مقرر کردہ قیمتوں پر فراہمی کیلئے قانون سازی کی جا رہی ہے۔ سیکرٹری زراعت

محکمہ زراعت حکومت پنجاب